# راولپنڈی ڈویلپمنٹ اتھارٹی

## پریس ریلیز

راولپنڈی ڈویلپمنٹ اتھارٹی کا میٹروپولیٹن پلاننگ اینڈ ٹریفک انجینئرنگ (ایم پی اینڈ ٹی ای) ڈائریکٹریٹ، آر ڈی اے پی ڈی سی ایکٹ-1976 اور پنجاب ڈویلپمنٹ اتھارٹیز پرائیویٹ ہاؤسنگ سکیم رولز کے تحت ضلع راولپنڈی میں غیر قانونی ہاؤسنگ سکیموں کے خلاف کارروائی کرتا ہے۔ عام مشاہدے میں یہ بات آئی ہے کہ غیر منظور شدہ ہاؤسنگ سکیموں کے مالکان و سپانسرز گمراہ کن اشتہارات کے ذریعے عوام الناس کو لوٹ رہے ہیں۔ بصورت دیگر محکمہ ہذا ان کے خلاف قانونی کارروائی کرنے کا حق محفوظ رکھتا ہے۔ کیونکہ اپنے اس عمل سے وہ عوام کو دھوکا دہی کے مرتکب ہو رہے ہیں اور یہ قانون کی نظر میں جرم ہے۔

اسی سلسلے میں آر ڈی اے نے حال ہی میں ایسی تمام غیر قانونی ہاؤسنگ سکیم کی غیر قانونی ڈویلپمنٹ اور غیر قانونی دفاتر کے خلاف کارروائی کا آغاز کیا ہے۔ جبکہ کچھ غیر قانونی سکیموں کے مالکان یہ تاثر دے رہے ہیں کہ ادارہ جیسے صرف ان کے ساتھ امتیازی سلوک کر رہا ہے جو کہ صریحا غلط ہے ادارے نے کسی ایک سکیم کو ٹارگٹ نہیں کیا بلکہ تمام غیر قانونی سکیموں کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی کی ہے اور یہ سلسلہ جاری رہے گا۔ مزید برآں یہ کہ اگر کسی سکیم نے عدالت سے سٹے آرڈر حاصل کیا ہوا ہے تو ادارہ اپنی لیگل برانچ سے مشاورت کرتا ہے۔ اور اس کے بعد قانون کے مطابق قانونی کارروائی کرتا ہے تاکہ عوام الناس کو کسی بھی قسم کے دھوکہ / فراڈ سے بچایا جا سکے۔

مزید برآں خریداروں کو بھی یہ بھی ہدایت کی جاتی ہے کہ کسی بھی پرائیویٹ رہائشی سکیم میں کوئی بھی پلاٹ خریدنے اور قانونی حیثیت کے قیمتی سرمایہ لگانے سے پہلے اس رہائشی سکیم / لینڈ سب ڈویژنز / فارم ہاؤسنگ سکیم اور پلاٹ / پلاٹوں کی بارے میں راولپنڈی ڈویلپمنٹ اتھارٹی پلاننگ ونگ سے معلومات حاصل کر لیں اور نقصان کی صورت میں آر ڈی اے ذمہ دار نہ ہو گا۔

جمشید آفتاب

چیف ٹاؤن پلانر

راولپنڈی ڈویلپمنٹ اتھارٹی لیاقت باغ مری روڈ راولپنڈی

فون: 051:5554043,051:5553840